مالی مدد:
کرائسٹ چرچ کی مساجد پر حملہ

3 جون 2019 سے ہم کرائسٹ چرچ کی مساجد پر حملے سے متاثر ہونے والے زیادہ لوگوں کے لیے مالی مدد مہیا کر رہے ہیں۔

اگر آپ اتنی آمدن نہیں کما سکتے کہ آپ اپنی اور اپنے اہل خانہ کی ضرورت کی سب چیزیں خرید سکیں، اور آپ حملے سے متاثر ہوئے ہیں، تو یہاں ہم واضح کر رہے ہیں کہ ہم کس طرح آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔

میرے پاس کرائسٹ چرچ ریسپانس ویزا ہے

اگر آپ کے پاس کرائسٹ چرچ ریسپانس ویزا ہے تو ممکن ہے آپ مین بینیفٹ (اصل وظیفے) اور دیگر مالی مدد کے اہل ہوں۔ یہ ضروری نہیں ہے کہ آپ دو سال سے نیوزی لینڈ کے رہائشی ہوں۔

اس میں وہ لوگ شامل ہیں جو مستقل رہائشی ہیں، نیوزی لینڈ میں دو سال سے کم عرصے سے ہیں اور جو کرائسٹ چرچ ریسپانس ویزا کے اہل ہو سکتے تھے۔

میں کرائسٹ چرچ ریسپانس ویزا کے لیے اہل ہوں

اگر آپ کرائسٹ چرچ ریسپانس ویزا کے اہل ہیں تو ہم آپ کو منسٹری آف سوشل ڈیویلپمنٹ(MSD)کی جانب سے نئی کرائسٹ چرچ ادائیگی دے سکتے ہیں۔

صفحے کی دوسری طرف تفصیلات دیکھیں۔

میں کرائسٹ چرچ ریسپانس ویزا کے لیے اہل نہیں ہوں

اگر:

- آپ یہاں عارضی ویزے پر ہیں **اور**
- آپ کسی ایسے شخص کے قریبی رشتہ دار ہیں جو مساجد پر حملے کے دوران وہاں موجود تھا یا حملے کے نتیجے میں زخمی یا ہلاک ہوا تھا،

تو ممکن ہے آپ منسٹری آف سوشل ڈیویلپمنٹ(MSD)کی جانب سے نئی کرائسٹ چرچ ادائیگی کے اہل ہوں۔ 'قریبی رشتہ دار' سے ہمارا مطلب ہے کہ آپ اس کے ازدواجی ساتھی، والد/والدہ یا بالغ (جو زیر کفالت نہیں) بھائی/بہن یا اولاد ہیں۔

صفحے کی دوسری طرف تفصیلات دیکھیں۔

میں مساجد یا کرائسٹ چرچ کی مسلمان کمیونٹی سے منسلک ہوں اور حملے کی وجہ سے مجھے صدمہ محسوس ہو رہا ہے

اگر:

- آپ ان دو مساجد یا کرائسٹ چرچ کی مسلمان کمیونٹی سے منسلک ہیں یا ان کا حصہ ہیں، **اور**
- آپ 15 مارچ 2019 کو نیوزی لینڈ میں تھے، **اور**
- آپ کو حملے کی وجہ سے صدمہ محسوس ہو رہا ہے

تو ممکن ہے آپ منسٹری آف سوشل ڈیویلپمنٹ (MSD)کی جانب سے نئی کرائسٹ چرچ ادائیگی لینے کے اہل ہوں۔ آپ کو اپنے ڈاکٹر یا کاؤنسلر سے طبی تصدیق حاصل کرنے کی ضرورت ہو گی۔ ممکن ہے ہم اس کا خرچ ادا کرنے کے لیے آپ کی مدد کر سکتے ہوں لہذا براہ مہربانی ہم سے اس بارے میں بات کریں۔

صفحے کی دوسری طرف تفصیلات دیکھیں۔

کچھ قسموں کی مالی مدد کے لیے ہم آپ کو مل سکنے والی رقم کا حساب لگاتے ہوئے آپ کے اثاثوں اور آمدن کو مدنظر رکھتے ہیں۔

مساجد پر حملوں سے متاثر ہونے والے لوگوں کے لیے نئی ادائیگی

ہم نے MSD کی جانب سے مساجد پر حملے سے متاثر ہونے والے ان لوگوں کے لیے ایک نئی ہفتہ وار ادائیگی متعارف کروائی ہے جو دوسری ادائیگیوں کی شرائط پوری نہیں کرتے۔ کرائسٹ چرچ کی مساجد پر حملے کے لیے ادائیگی **3 جون** سے دستیاب ہے۔ ادائیگیاں ایک سال تک کے لیے مل سکتی ہیں۔

مجھے کتنی رقم مل سکتی ہے؟

آپ کو کتنی رقم مل سکتی ہے، یہ آپ کی صورتحال اور آپ کو ملنے والی دوسری ادائیگیوں پر منحصر ہے۔ بالعموم آپ کو ہر ہفتے ایک ہی رقم ملے گی لیکن اگر آپ کے حالات بدل جائیں تو اس میں وقتا" فوقتا" تبدیلی ہو سکتی ہے۔ ہم یہ یقینی بنانے کے لیے آپ کے ساتھ رابطہ رکھیں گے کہ آپ کو وہ تمام مدد مل رہی ہے جو ہم آپ کی صورتحال کے لیے فراہم کر سکتے ہیں۔

آپ کو شاید ایسی تنظیموں سے ادائیگیاں ملی ہوں جو مساجد پر حملے سے متاثرہ لوگوں میں عطیات تقسیم کر رہی ہیں - جب ہم حساب لگائیں گے کہ آپ کو کیا مل سکتا ہے تو ان ادائیگیوں کو آمدن یا نقد اثاثے شمار نہیں کیا جائے گا۔

میں درخواست کیسے دوں؟

اگر آپ کا کوئی کیس مینیجر ہے تو اس کے ساتھ اس مدد کے بارے میں بات کریں جو آپ یا آپ کے خاندان کے لیے دستیاب ہو سکتی ہے۔

اگر آپ کا کوئی کیس مینیجر نہیں ہے تو براہ مہربانی **0800 559 009** پر فون کریں۔

اگر آپ کو یقین نہیں ہے کہ آیا آپ اہل ہیں تو براہ مہربانی فون کریں تاکہ ہم آپ کے ساتھ اس بارے میں بات کر سکیں۔ اگر آپ اہل نہ ہوں تو بھی ہم دیکھیں گے کہ کیا ہم دوسرے طریقوں سے آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔

ہم کسی ایسے شخص کا انتظام کر سکتے ہیں جو آپ کے ساتھ آپ کی اپنی زبان میں بات کرے۔ جب آپ فون کریں تو ہمیں اس بارے میں بتا دیں۔

اگر آپ کو یا آپ کے اہل خانہ میں سے کسی کو کیس مینیجر کی مدد چاہیئے تو براہ مہربانی 03 961 9257 پر کال کریں یا support@msd.govt.nz پر ای میل کریں